© rasailojaraid.com

[redacted]

# تعارف وتبصرہ

تبصرہ کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ کتابچہ نما رسالوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**جدید مالیاتی نظام کا اسلامی تصور**......ترتیب: مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی، صفحات: ۳۱۹، ملنے کا پتہ: شعبہ جدید فقہی تحقیقات، جامعہ المرکز الاسلامی ٹاؤن ڈیرہ روڈ بنوں، قیمت: درج نہیں۔

مذہب اسلام ایک جامع اور فطری دین ہے، جس نے انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں قدم قدم پر اس کی راہنمائی کی ہے۔ ہر ایک جانتا ہے کہ انسان مدنی الطبع ہے۔ اپنی ضروریات پورا کرنے کے لیے دوسرے کا محتاج ہے۔ باہمی لین دین میں مال کی اساسی حیثیت ہے، اسی لیے قرآن کریم نے فرمایا ﴿التی جعل اللّٰہ لکم قیاما﴾ ''جو بنایا اللہ نے تمہارے لیے سہارا'' دور حاضر میں دنیا سمٹ کر رہ گئی، ایجادات کی بھرمار ہے، مال کے باہمی لین دین کے طریقہ بھی ماضی سے مختلف ہو گئے، اس لیے شدید ضرورت پیش آئی کہ علماءِ عصر، عصری تقاضوں میں مالیاتی نظام کے حوالے سے قوم کی، اسلامی اصولوں کے مطابق راہنمائی کریں۔ اللہ پاک جزائے خیر نصیب فرمائیں مولانا سید نصیب علی شاہ مرحوم کو، کہ انہوں نے اس سلسلے میں بڑی کدوکاوش کی۔ جامعہ المرکز الاسلامی بنوں کے زیر اہتمام سیمینار منعقد کرائے، جس میں ملک کی علمی، و تحقیقی ذوق کی حامل قد آور شخصیات کو مدعو کیا جاتا رہا۔ زیرِ تبصرہ کتاب جامعہ المرکز الاسلامی کے تحت منعقد چوتھے سیمینار کے مقالات پر مشتمل ہے جو مارچ ۲۰۰۳ء کو اسلام آباد میں ہوا۔ کتاب کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ سات اور دوسرا پندرہ مقالات پر مشتمل ہے۔ ابتدا میں حضرت شاہ صاحب کا خطبہ استقبالیہ بھی ہے۔ کتاب کا مطالعہ مدارس کے ان حضرات کے لیے، جو خدمت افتاء سرانجام دے رہے ہیں، مفید تر ہے۔ دوسرے کے لیے بھی نافع و مفید ہے۔

**امام ابوحنیفہؒ کی محدثانہ حیثیت**......ترتیب: مولانا سید نصیب علی شاہ مرحوم، تحقیق و تخریج: مولانا مفتی نعمت اللہ حقانی صفحات: ۱۴۶، قیمت درج نہیں، ملنے کا پتہ: مکتبہ محمودیہ عقب قصہ خوانی محلّہ، جنگی نزد الجمعیۃ اکیڈمی، پشاور

حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ مرحوم نے جامعہ المرکز الاسلامی بنوں کے زیر اہتمام متعدد سیمینار و فقہی مجالس منعقد کرائیں، جن میں پڑھے جانے والے مقالات، جامعہ کے سہ ماہی مجلّہ ''المباحث الاسلامیہ'' میں شائع ہو چکے ہیں۔ حضرت شاہ صاحب مرحوم نے ان میں سے پانچ مقالات نام کی تبدیلی اور قدرے اضافے کے ساتھ عنوانات قائم کر کے ایک حسین گلدستہ بنام ''امام ابوحنیفہؒ کی محدثانہ حیثیت'' ترتیب دیا ہے۔ پانچ ابواب یہ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہیں۔(۱) تدوین فقہ کی اہمیت و ضرورت (۲) امام صاحب کا مقام تابعیت (۳) امام صاحبؒ کا علم حدیث میں مقام (۴) اعتراضات کا جواب (۵) امام صاحبؒ کی تصانیف۔

کتاب کا چونکہ سارا مواد تحقیقی ہے، اس لیے گو کمایہ مجموعہ بڑا نہیں، مگر کیفاً یقیناً اس کا شمار بڑی تالیفات میں ہوگا۔ خودرائی کے اس دور میں جب کہ اپنے سلف صالحین سے اعتماد ختم کرنے کی آندھیاں چل رہی ہیں، تو ان حالات میں ایسی محققانہ کتب عقیدہ اور نظریہ کی پختگی میں مددگار ثابت ہوں گی۔ کتاب کا مطالعہ مدرسین و منتہی طلبا کے لیے مفید تر ہے اور دوسروں کے لیے بھی نافع ہوگا، امید ہے کہ اہل علم قدردانی کا ثبوت دیں گے۔

**سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ** ......ترتیب وتبویب: مولانا محمد اسماعیل شاہ عبادی، ملنے کے پتے: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دفاتر، صفحات: ۵۸۹، قیمت/۲۲۰ روپے

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ آپ نے اپنی سحر بیانی سے برصغیر کے مسلمانوں کے قلوب کو اپنے دور میں خوب گرمایا۔ باطل فرقوں خصوصاً قادیانیت کے دجل و فریب کو عوامی سطح پر واضح کرنے میں آپ کا اور آپ کے رفقا کا بنیادی اور بڑا حصہ ہے۔ خاتم المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری رحمہ اللہ کے تعمیل ارشاد نے تو اس میں مزید درمزید قوت بخش دی۔ خوب کہا مولانا ظفر علی خان نے۔

کانوں میں گونجتے ہیں بخاری کے زمزمے ۔۔۔ بلبل چہک رہا ہے ریاضِ رسول میں

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی مبلغ حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب شجاع آبادی کو اللہ پاک نے کاروانِ ختم نبوت کے زعما کی تصویر قوم کے سامنے پیش کرنے کا ذوق خوب بخشا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی کا ایک حصہ ہے۔ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول ''سوانح حضرت امیر شریعت''، باب دوم ''منظوم خراج تحسین''، باب سوم ''خطبات امیر شریعت''، باب چہارم مکتوبات۔ آخر میں جناب طالوت کا ایک مضمون حضرت ''شاہ جی مرحوم کے ذوق شعر'' سے متعلق ہے۔

کتاب کے مطالعہ سے محسوس ہوتا ہے کہ مولانا موصوف نے ترتیب و تدوین میں خاصی محنت کی ہے۔ دور حاضر میں اس امر کی خاص ضرورت ہے کہ اپنے حضرات اکابر کے ذوق و فکر کو خوب اجاگر کیا جائے تاکہ موجودہ نسل اس سے مستفید ہو۔ کتاب کی طباعت عمدہ ہے، مگر فہرست میں صفحہ نمبر ۵ پر صفحہ نمبر ۸ مکرر شائع ہوگیا اور اصل صفحہ نمبر ۵ غائب ہے۔ پیسٹنگ میں ایسا ہو ہی جاتا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ طباعت میں اس کو درست کردیا جائے گا۔

**سید محمد یوسف بنوری** ......مرتبہ: مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان صفحات: ۴۲۸، قیمت/۲۲۰ روپے

محدث جلیل حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ جلیل القدر علمی، روحانی، نظریاتی، جامع شخصیت تھے۔ جامعہ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے بانی مدیر و شیخ الحدیث۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے پانچویں امیر تھے۔ حضرت



© rasailojaraid.com